# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 03 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳/ اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے میں تیزی؛ پربھنی سے موجودہ رُکنِ پارلیمان سنجئے جادھو، جبکہ ناندیڑ سے پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر نے پرچہ داخل کیا۔

☆ ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے اورنگ آباد سے افسر خان، پربھنی سے بابا صاحب اُگلے جبکہ ناندیڑ سے اویناش بھوسیکر کو امیدواری۔

☆ ناندیڑ اور لاتور میں رائے دہندگان میں بیداری کیلئے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ پیٹھن میں دہی ہنڈی پھوڑ کر ناتھ شَشٹھی تقریب اختتام پذیر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے عرضی داخل کرنے کی سرگرمی میں تیزی آ گئی ہے۔ پربھنی لوک سبھا حلقۂ انتخاب میں شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے موجودہ رُکنِ پارلیمان سنجئے جادھو نے مہاوِکاس آگھاڑی کی جانب سے عرضی داخل کی۔ حزبِ اختلاف کے قائد امبا داس دانوے، راشٹروادی کانگریس پارٹی کے رہنماء راجیش ٹوپے اس موقع پر موجود تھے۔ سنیچر بازار تا ضلع کلکٹر دفتر تک ریلی نکال کر طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے جادھو نے جلسے سے خطاب کیا۔ دیگر چار اُمیدواروں نے بھی کل پرچۂ نامزدگی داخل کیے۔ اس حلقۂ انتخاب میں اب تک نو امیدواروں کے 18 پرچۂ نامزدگیاں قبول کی جا چکی ہیں۔

ناندیڑ لوک سبھا حلقۂ انتخاب کے بی جے پی کے موجودہ رُکنِ پارلیمان پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر نے کل امیدواری عرضی داخل کی۔ قومی کسان پارٹی کے وِشنو جادھو سمیت جگدیش پوترے، سورج کدم، ناگو راؤ واگھمارے اور نیّر جہاں محمد فیروز حسین ان آزاد امیدواروں نے بھی پرچۂ نامزدگی داخل کیے۔ ناندیڑ لوک سبھا حلقۂ انتخاب کیلئے اب تک 11 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جا چکے ہیں۔

ہنگولی لوک سبھا حلقۂ انتخاب کیلئے کل پانچ امیدواروں نے آٹھ امیدواری پرچے داخل کیے۔ شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے امیدوار ناگیش آشٹیکر نے کل مہاوِکاس آگھاڑی کی جانب سے امیدواری پرچہ داخل کیا۔ اس کے علاوہ او بی سی بہوجن پارٹی کے رَوِی شندے سمیت نامدیو کلیانکر، دیشا بنجارہ اور وسنت پاٹک راؤ نے بطورِ آزاد امیدوار پرچہ داخل کیا۔

وردھا حلقہ سے راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کے اَمر کاڑے نے مہاوِکاس آگھاڑی کی جانب سے پرچہ داخل کیا۔ پارٹی سربراہ شرد پوار اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے کل 17 امیدواروں کی فہرست جاری کی۔اس میں اوڈیسہ کے آٹھ ٗآندھراپردیش کے پانچ ٗبہارتین اور مغربی بنگال کا ایک امیدوار شامل ہیں۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کیلئے ونچت بہوجن آگھاڑی نے کل پانچ امیدواروں کی فہرست جاری کی۔اورنگ آباد حلقۂ انتخاب سے افسر خان کو امیدواری دی گئی ہے۔پربھنی سے باباصاحب اُگلے، ناندیڑ سے اویناش بھوسیکر ٗپونہ سے وسنت مورے ٗجبکہ شرور سے منگل داس باگُل کو امیدواری دی گئی ہے۔بارامتی میں سپریہ سولے کو حمایت دینے کا اعلان ونچت بہوجن آگھاڑی نے کیا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پیشِ نظر انتخابی کمیشن کی جانب سے مہاراشٹر سمیت مغربی بنگال ٗ اُترپردیش ٗ اوڈیسہ ٗ آندھراپردیش اور بہار ان ریاستوں میں خصوصی مبصرین تعینات کیے گئے ہیں۔ملازمین ٗ حفاظتی اہلکار اور رائے دہی مشینوں کی نگرانی کرنے جیسے اہم کام خصوصی مبصرین کے سپرد کیے گئے ہیں۔انتخابی کمیشن کے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ خصوصی مبصرین ریاستوں کے ہیڈ کوارٹر میں رہ کر اور مقامی افسران کے ساتھ حساس علاقوں کا دورہ کریں گے۔

***** ***** *****

اورنگ آباد لوک سبھا حلقۂ انتخاب میں رائے شماری مرکز اور اس مقام پر فراہم کی جانے والی سہولیات کا ضلع کلکٹر وضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی نے کل جائزہ لیا۔انھوں نے احکامات دیئے کہ گرما کا موسم ہونے کی وجہ سے ضروری چیزیں ٗ حفاظتی انتظامات ٗ مواصلاتی نظام ٗ انٹرنیٹ خدمات وغیرہ فراہم کیے جائیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد سی ای او اور رائے دہندگان بیداری شعبہ کی سربراہ مینل کرنوال نے اپیل کی ہے کہ نئے رائے دہندگان رائے دہی کرکے اپنی ذمہ داری نبھائیں۔ناندیڑ شہر کے نیتاجی سبھاش چندر بوس کالج میں 300 نئے رائے دہندگان سے انھوں نے خطاب کیا۔انھوں نے انتخاب کی ضرورت اور اہمیت ان موضوعات پر مختلف مثالوں کے ذریعے طلبہ کو رائے دہی کی اہمیت بتلائی۔

دریں اثناء ناندیڑ ضلع میں آج خود امداد گروپ کے تقریباً ایک لاکھ 85 ہزار خواتین رائے دہی کرنے کا حلف لیں گے۔اس مہم میں خواتین اور نوجوان لڑکیوں سے کثیر تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل کرنوال نے کی ہے۔

***** ***** *****

عالمی آٹیزم دِن کے موقع پر لاتور ضلع کے معذور طلبہ نے ریلی نکال کر رائے دہی سے متعلق بیداری پیدا کی۔ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کی موجودگی میں 350 طلبہ نے ڈرامہ پیش کرکے عوام سے رائے دہی کرنے کی اپیل کی۔ضلع پریشد کی عمارت میں تعمیر کردہ انتخابی بیداری تصور کا افتتاح ضلع کلکٹر کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر ضلع کلکٹر نے لاتور شہر کے چھترپتی شیواجی مہاراج چوک میں غیر منظّم ملازمین سے خطاب کیا اور ان سے رائے دہی کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

انتخابات کے پیشِ نظر جعلی ووٹر کارڈ تیار کرکے انتظامیہ کو گمراہ کرنے کا معاملہ دھولیہ شہر میں پیش آیا ہے۔پولس کو ملی معلومات کی بنیاد پر موہاڑی مضافات میں ایک فوٹو اسٹوڈیو پر چھاپہ مار کر جعلی ووٹر کارڈ اور دیگر اشیاء ضبط کی گئیں۔اس معاملے میں دو افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں وزیر اعظم نریندر مودی آئندہ دس تاریخ کو رام ٹیک میں جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ 14 اپریل کو ناگپور میں دِکشا بھومی میں درشن لیکر مودی چندر پور میں جلسہ سے خطاب کریں گے۔بی جے پی رہنماء پروین دریکر نے کل ممبئی میں یہ اطلاع صحافتی کانفرنس میں دی۔

چندر پور لوک سبھا حلقۂ انتخاب کے بی جے پی عظیم اتحاد کے امیدوار سدھیر منگنٹی وار نے کل تشہیری مہم کے دوران نامہ نگاروں سے بات چیت کی۔انھوں نے یقین ظاہر کیا کہ عوام کی بھلائی کیلئے یہ لڑائی ہے اور ہمیں عوام کا اعتماد حاصل ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کی جانب سے فروری مہینے میں منعقدہ سول انجینئر سروس مین امتحان 2022 کا نتیجہ ظاہر کیا گیا ہے۔اس کے مطابق 101 امیدواروں کی سفارش حکومت سے کی گئی ہے۔امتحان میں ناسک ضلع کے اونکار سنجے نکُمبھ یہ اوپن اور پسماندہ زمرے سے جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کی سوپنالی تانڈُر جے نے خواتین زمرے سے ریاست میں اوّل مقام حاصل کیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے پیٹھن میں ایکناتھ مہاراج کی 245 ویں ناتھ ششٹھی تقریب کل دہی ہنڈی پھوڑ کر اختتام پذیر ہوئی۔اس موقع پر وار کری عقیدت مندوں نے بھیڑ لگا دی تھی۔اسی طرح چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کے اورنگ پورہ میں سنت ایکناتھ مہاراج کے مندر میں بھی کل دہی ہنڈی پھوڑی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کیلئے عمل میں لائی جا رہی پانی فراہمی اسکیم کیلئے تمام سے تعاون کرنے کی امید ممبئی عدالتِ عالیہ کی اورنگ آباد بینچ نے ظاہر کی ہے۔شہر کے دو ہزار 740 کروڑ روپئے کی پانی فراہمی اسکیم کیلئے داخل کردہ مفادِ عامہ کی عرضی پر کل سماعت میں بینچ نے پانی ذخائر کی معلومات لی۔متعلقہ کمپنی نے کہا کہ ہنومان ٹیکڑی اور ٹی وی سینٹر سے آبی ذخیرے منتقل کر دیئے گئے ہیں اور دیگر چار آبی ذخائر اپریل کے اواخر تک منتقل کر دیئے جائیں گے۔اس معاملے کی اگلی سماعت آئندہ 16 اپریل کو ہوگی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے چھاؤنی علاقے میں آج علی الصبح پیش آئے آتشزدگی کے حادثے میں ایک ہی خاندان کے سات افراد کی موت واقع ہوگئی۔مہلوکین میں تین خواتین اور دو بچے بھی شامل ہیں۔حادثے میں متاثرہ افراد کو بغرضِ علاج گھاٹی اسپتال میں شریک کیے جانے کی اطلاع ملی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے مختلف تعلقوں میں ایک ہی دِن ہونے والی بچوں کی شادیوں کو محکمہ خواتین واطفال بہبودٗ ضلع اور پولس انتظامیہ کی مدد سے روک دیا گیا۔خواتین واطفالِ بہبود محکمے کے ملازمین نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر مشاورت سے روک دیا۔ضلع میں بچوں کی شادیوں کو روکنے کیلئے گاؤں کے بچوں کے تحفظ کمیٹی سے اپنے فرائض ذمہ داری سے ادا کرنے کی اپیل ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے کی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے محکمہ انسدادِ رشوت ستانی نے کل مہاتما پھلے پسماندہ ترقی بورڈ کے تین افراد کو ڈیڑھ ہزار روپئے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے موقع پر کانگریس کے اکاؤنٹ منجمد کرنے کے خلاف دھاراشیو میں کل ضلع کانگریس کی جانب سے ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے مظاہرے کیے گئے۔ان مظاہروں کے بعد ضلع کلکٹر کے توسط سے صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کو محضر بھیجا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی ایکسائز محکمہ نے کل ممبئی کے ورلی اور اندھیری میں غیر قانونی شراب کا ذخیرہ اور چار پہیہ سمیت 37 لاکھ روپئے قیمت کا مال ضبط کرلیا۔اس معاملے میں ستیش شیولال پٹیل اس ملزم کو گرفتار کر کے اس کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مسافرین کی بھیڑ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جنوب وسطی ریلوے نے جالنہ۔ چھپرا۔ جالنہ اس ہفتہ واری خصوصی ٹرین کی مدت بڑھانے کا فیصلہ لیا ہے۔ 26 جون تک یہ ٹرین مقررہ وقت کے مطابق چلنے کی اطلاع ناندیڑ زون دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

نئی دہلی میں ہوئے 56 ویں قومی کھوکھو چمپئن شپ ٹورنامنٹ میں مہاراشٹر کے مرد و خواتین دونوں ہی ٹیموں نے جیت حاصل کی ہے۔ اس ٹورنامنٹ میں تقریباً 63 ٹیموں سے ایک ہزار تین سو سے زائد کھلاڑیوں نے شرکت کی۔

***** ***** *****

ریاست میں گرمی کی لہر جاری ہے۔ مالیگاؤں اور جیور میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 42 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ مرٹھواڑہ کے جالنہ اور بیڑ میں 40 ڈگری' لاتور 39، جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر میں 38 ڈگری سیلسئیس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے میں تیزی؛ پربھنی سے موجودہ رُکنِ پارلیمان سنجئے جادھو، جبکہ ناندیڑ سے پرتاپ راؤ پاٹل چکھلیکر نے پرچہ داخل کیا۔

☆ ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے اورنگ آباد سے افسر خان' پربھنی سے بابا صاحب اُگلے جبکہ ناندیڑ سے اویناش بھوسیکر کو امیدواری۔

☆ ناندیڑ اور لاتور میں رائے دہندگان میں بیداری کیلئے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ پیٹھن میں دہی ہنڈی پھوڑ کر ناتھ ششٹھی تقریب اختتام پذیر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****